ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

الحمد للہ والمنۃ کہ رسالۂ نافعہ مصنفۂ عامل لاثانی جناب عبداللہ شاہ صاحب مد فیضہم العیسنی

جواہر سلیمانی

معروف بہ

گلشن مراد

۱۳۲۶

باہتمام کمترین حسین مرزا مینیجر مطبع ہذا - بار اول بماہ اپریل ۱۹۰۹ء

در مطبع احمدی واقع لکھنؤ طبع پوشید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلحَمدُ لِلّٰہِ الَّذِی لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَہ سب تعریف اُس پاک بے نیاز کو زیبا ہے کہ جسنے آسمان کو بے ستون قائم کیا اور ستارون کو حکم خیر و شر کا عطا فرمایا اور درود اُس کے حبیب مکرم پر بھیجنا چاہیے کیونکہ پیدائش اُسکی مثل اُسی کے ہو آما بعد یہ فقیر حقیر بلکہ پُر تقصیر عرض کرتا ہی کہ مُدت بارہ برس کی عمر سے شوق سیاحی کا دل مین پیدا ہوا اکثر جگہ گیا اور بزرگان دین سے ملا بائیس ۲۲ برس کی عمر مین بیعت ارادت حاصل کی وطن مرشد کا محمدی شریف ضلع کھیری مالک اودھ ہے اس فقیر کو خرقہ متبرکہ و اجازت سے سرفراز فرمایا اور نام اس عاصی کا **عبداللہ شاہ** رکھا جائے قیام ہردوئی بھٹہ کہنہ ملا چنانچہ اکثر لکھنؤ بواسطہ قدمبوسی بزرگان دین جایا کرتا ہے ایکروز مشفقی حاجی فخرالدین صاحب متوطن لکھنؤ نے اس خاکسار سے فرمایا کہ کوئی کتاب عملیات کی صحیح تحریر کرو کمترین نے عذر کیا کہ مجکو علمی لیاقت کچھ نہین ہے اور عدیم الفرصت ہون مگر منشی صاحب موصوف نے ایک نہ مانا آخر کار یہ بار اپنے سر پر لیا اور حق تالیف منشی صاحب کو دیدیا اور ساتھ قاعدہ بزرگان دین کے عمل مین لایا اگر کسی جگہ کوئی غلطی پائی جاوے نظر عیب پوشی سے صحیح فرمادین یہ احسان اس خاکسار پر ہوگا۔ پس اس کتاب کا نام **جوہر سلیمانی** معروف بہ **گلشن مراد** رکھا پانچ محل و بیس باب پر تقسیم کیا لہذا ہر عمل

کرنے والے کو چاہیئے کہ اجازت حاصل کرلے اجازت کا طریقہ یہ ہی اول غسل کرے بعدہ جامہ نا دوختہ پہنکر عطریات لگاوے بات کسی سے نکرے دو رکعت نماز تحیۃ الوضو ادا کرے اور دو رکعت نماز حاجت پڑھے اول رکعت مین الحمد ایک بار آیۃ الکرسی ایکبار قل ہو اللہ احد تین بار اسی طرح دوسری رکعت ادا کرے بعد سلام شیرنی پر فاتحہ حضرتنا و مرشدنا **مراد اللہ شاہ** قدس سرہ کی روح پاک کو پہونچاوے اور اجازت طلب کرے کہ مین فلان عمل کرنا چاہتا ہون اجازت ہو جائیگی اور جو عمل مین نے اور بزرگون سے پائے ہین خود اجازت دیتا ہون **تنبیہ** عمل حب حرام کیواسطے ہرگز نکرے ورنہ اول تو عمل نہوگا دوسرے رجعت مین گرفتار ہوجائیگا دوسرے مقہوری اعدا جو کرنا ہو تو مسلمان پر ہرگز نکرے جہود و کافر پر کرے ورنہ دن قیامت کے شرمندہ ہوگا **شعر** ہمارا کام کہدینا ہی یارو + تمہارا جی چاہے مانو نہ مانو + تیسرے جو شرطین عمل کرنیکو لکھی ہین اُسکی پابندی کرو ورنہ کامیاب نہوگے جسقدر اس نسخہ مین عمل تحریر ہین سب میرے آزمودہ ہین غرض جو صاحب اس نسخہ سے فائدہ اٹھائین وہ اس خاکسار کے حق مین دعائے خیر کرین

نصیحت عامل جو اس کتاب سے فائدہ اٹھائین

عامل کو لازم ہے کہ جو شرطین عمل کرنے والے نے تحریر کی ہین اُسکی پابندی کرے برخلاف کرنے سے سوائے نقصان کے فائدہ ظہور مین نہین آتا اور شرائط پورے ادا کرنے سے کامیاب ہوتا ہے اس نسخہ کو بڑی محنت اور جانفشانی سے اس احقر نے طیار کیا ہے وہ شرائط یہ ہین **ترکیب زکوۃ ہر عمل** - عامل جب کسی دعا کو پڑھے یا زکوۃ کسی آیت کی دے یا زکوۃ تعویذ کی دے تو ان شرطون کا ضرور خیال رکھے ورنہ کام ہرگز نہوگا اور محنت عامل کی رائگان ہوگی وہ یہ ہین **فائدہ اول** عمل پڑھنے مین ترک لذائذ جمالی و جلالی و مکروہات و ممنوعات ضرور کرے کیونکہ خواہش نفس جبتک ماری نہ جائیگی طبیعت کریم کارساز کی طرف راغب نہوگی اور جبتک طبیعت نہ راغب ہوگی کوئی عمل ہو خواہ دعا ہو قبول نہوگی **شعر مولوی معنوی** برزبان تسبیح و در دل گاؤ خر + این چنین تسبیح کے دارد اثر

اور محنت عامل کی رائیگان جائیگی اگر نفس امارہ زندہ رہا تو شیطان تجکو بہکا دیگا اسواسطے بندگان دین کو ترک لذات افضل ترین آیا ہی اور وہ لذات یہ ہین اول **لذت جلالی** گوشت ہر قسم کا مچھلی انڈا شہد مشک اور چونہ سیپ کا **دوسری لذت جمالی** چربی روغن زرد دودھ دہی بالائی **تیسرے لذت مکروہات** یہاپر مکروہات اُس چیز سے مراد ہی کہ جس چیز سے مُنھ مین بو آتی ہی مثلاً لہسن پیاز اور کچی ہینگ وغیرہ حدیث شریف مین لکھا ہی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہی کہ جو شخص بدبودار کھانا کھاوے وہ ہماری مسجد مین نہ آوے کیونکہ ملائکہ اُسکی بو سے اذیت پاتے ہین **چوتھی ممنوعات**۔ ممنوعات وہ ہی جیسے جھوٹ بولنا غیبت کرنا فحش کلمہ مُنھ سے نکالنا ہر ایک عورت سے بچنا خواہ حلال ہو خواہ حرام ہو پرہیز کرے **فائدہ دوم طہارت مین** طہارت بدن اور لباس اور طریقہ احصار باندھنے کا جب کوئی حلہ یا عمل پڑھے اول غسل لازم ہی چاہیے کہ وضو کرکے غسل کرے اور کپڑا پاک نادوختہ دھویا ہوا پہنے میلے اور کثیف کپڑے پہنکر ہرگز عمل نہ پڑھے اور ایک کوٹھری اس قسم کی ہو کہ جسمین گذر عوام الناس کا نہو چکنی مٹی سے لیپ کرا دے پر ایک بوریا جانماز بچھا کر احصار پڑھے اور کلمہ کی انگلی پر دم کرکے چوگرد اپنے پھرا دے پھر عمل شروع کرے احصار یہ ہی اول ایکبار الحمد اور تین بار آیۃ الکرسی اور تین بار قل ہو اللہ اور تین بار معوذتین اور تین بار قل یا ایہا الکفرون پڑھے اور روبقبلہ ہو بیٹھے کسی طرف مخاطب نہو **تیسرا فائدہ عمل مین تاثیر** نہ پیدا ہونے مین جو بیان اوپر لکھا ہی اُسکے سہو کرنے یعنی نجاست بدنی یا نجاست جامہ پوشاک کے سبب سے اکثر ایسا ہوتا ہی کہ عمل مین نقصان واقع ہوتا ہی اور مطلب پورا نہین ہوتا ہے اور جب تک پوری پوری طور سے یہ سب شرطین ادا نہونگی کچھ اثر ظاہر نہوگا عامل کو لازم ہی کہ بیدل نہو جائے اور یقین کرکے پھر اُسی عمل کو شروع کرے کہ اس سے ضرور فائدہ اُٹھاؤنگا اور اگر پھر کسی وجہ سے اثر ظاہر نہو تو سمجھے کہ کوئی بات ضرور رہگئی اور پھر اس عمل کو نیت خالص سے شروع کردے ضرور انشاءاللہ تعالی کامیاب ہوگا **فائدہ چوتھا درود کے بیان مین**

کوئی عمل یا دعا یا تعویذ لکھے یا پڑھے تو درود شریف اول و آخر مین تین تین بار ضرور پڑھے
وہ یہ ہی اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

محل اول باب چہار - باب اول

بیان نچھتر و نمین واضح ہو کہ منجمان ہند نے کل حلقہ آسمان کا ۱۰۸ - نو بھر یعنی چرن پر تقسیم کیا ہے اور چار چرن کا ایک نچھتر اور سوا دو نچھتر یعنے نو چرن کا ایک برج یعنی راس قرار دیا ہے روزانہ نو گرہ یعنی سیارہ خورشید - قمر - مریخ - عطارد - مشتری - زہرہ - زحل - راس - ذنب - کا دورہ موافق اپنی اپنی رفتار کے انھین نچھتر و نمین اور بروج مین ہوا کرتا ہے جب چار چرن کا دورہ ختم ہوا تو گویا ایک نچھتر ختم ہوا اور جب سوا دو نچھتر جس سیارہ یعنی گرہ نے طے کیا تو ایک برج یعنی ایک راس ختم کیا اور جب بارھوان اس یعنی برج کا دور ختم ہو جاتا ہی گویا پورا دورہ آسمان کا طے کر لیا ابتدای دور شروع سال کا اسونی یعنی شرطین کا پہلا چرن کہلاتا ہے اور میکھ راس یعنی برج حمل کا برج بھی پہلا ہے اُسکے بعد برکھ یعنی ثور وغیرہ مسلسل دور ہوا کرتا ہی اور مین یعنی حوت کے برج پر ختم دورہ تمام آسمان کا ہو جاتا ہی اور ہر نچھتر اپنی اپنی خاصیت جدا جدا پیدا کرتا ہی - جاننا چاہیے کہ حکما ہند منازل قمر کو ستائیس لیتے ہین اور منزل فالج یعنی ابھجت کو کہ بائیسوین منزل ہی اول برج جدی کے شروع ہے مخفی اور پوشیدہ رکھتے ہین اور حساب مین نہین لیتے ہین اور دورہ فلکی تین حصو پر تقسیم کرتے ہین نہ کہ بنا بر عناصر اربعہ مثل یونانیون کے پس مین آٹھون نچھتر درج کرتا ہون آخری نچھتر ابھجت بھی درج کیے دیتا ہون تا کہ ہر خاص و عام پر روشن ہو جائے اس وجہ سے ایک نقشہ نچھترون کا درج کرتا ہون مع افعال وغیرہ کے وہ یہ ہی

نمبر	نام منزل	نام نچھتر	شکل نچھتر	برج	سیارہ	ہیکل ابجدی	بخور	حروف	خاصیت
۱	شرطین	اسونی	ہ ہ	حمل	مریخ	تنکفیل	فلفل کلونجی	ا	اس منزل مین عمل یا تعویذ بغض کا کرے حب و تسخیر نکرے
۲	بطین	بھرنی	ہ ہ ہ	حمل	مریخ	تنکفیل	عود زعفران لوبان	ب	اس منزل مین حب و تسخیر و شفاے امراض کرے کیمیا وغیرہ نہ بناوے۔

نمبر	نام منزل	نام مختصر	شکل مختصر	بروج	سیارہ	موکل علوی	بخور	حروف	خاصیت
۳	ثریا	کرتکا	ہہہہ ہہ	۱/۴ حمل ۳/۴ ثور	مریخ زہرہ	تنکفیل میکائیل	پوست انار شیرین بابون	ج	تسخیر شفا امراض کرے اور اگر اس منزل میں لڑکا پیدا ہو اقبالمند ہو ہر کام کو اچھا ہے۔
۴	دبران	روہنی	ہہہہہ	ثور	زہرہ	میکائیل	لوبان	د	اس منزل میں عامل نقش کا عمل کرے حب کا نکرے اگر لڑکا اس منزل میں پیدا ہوگا بدبخت ہوگا
۵	ہقعہ	مرگسر	ہہہ	۱/۲ ثور / ۱/۲ جوزا	زہرہ / عطارد	میکائیل / کلکائیل	لوبان / مصطگی	ہ	یہ منزل سعد و نحس ہے کوئی عمل نکرے اور نہ کوئی تعویذ لکھے۔
۶	ہنعہ	ادرا	ہہہہ ہ	جوزا	عطارد	کلکائیل	لوبان	و	یہ منزل سعد ہے عامل تعویذ محبت کا لکھے اور عمل ترقی رزق پڑھے۔
۷	ذراع	پونربس	ہ ہ	۳/۴ جوزا ۱/۴ سرطان	عطارد قمر	کلکائیل الوائیل	السی	ز	یہ منزل سعد ہے تعویذ محبت کا لکھے اور جو لڑکا پیدا ہو نیک ہو۔
۸	نثرہ	پکھ	ہ ہ ہ	سرطان	قمر	الوائیل	پوست انار شیرین	ح	یہ منزل نحس ہے اسمیں عمل عداوت اور بلا کی اعدا کرے۔
۹	طرفہ	اشلیکھا	ہ ہ	سرطان	قمر	الوائیل	عود زعفران	ط	یہ منزل نحس ہے عمل محبت نکرے اور کوئی کام جدید نکرے۔
۱۰	جبہہ	مگھا	ہہہ ہہ	اسد	شمس	اسرافیل	حب الآس	ی	یہ منزل سعد ہے اسمیں عمل محبت اور ترقی رزق پڑھے۔
۱۱	زبرہ	پوروا پھالگنی	ہہہہ	اسد	شمس	اسرافیل	پوست انار شیرین	ک	یہ منزل سعد اکبر ہے عمل طلسمات کرے اور امراء کے پاس جاوے اور سفر کرے۔
۱۲	صرفہ	اترا پھالگنی	ہ	۱/۴ اسد ۳/۴ سنبلہ	شمس عطارد	اسرافیل الوائیل	زعفران	ل	یہ منزل نحس اکبر ہے عمل عداوت و بلا کی اعدا کرے محبت ہرگز نہ کرے۔

نمبر	نام منزل	نام نچھتر	شکل نچھتر	برج	سیارہ	موکل ایجابی	بخور	حروف	خاصیت
۱۳	عوا	ہست	٥٥٥٥	سنبلہ	عطارد	الوائیل	لوبان	م	یہ منزل نحس ہے عامل عمل حب و تسخیر مہر نکرے عمل عداوت و دردا عدا کرے۔
۱۴	سماک	چترا	٥	۱/۲ سنبلہ ۱/۲ میزان	عطارد زہرہ	الوکیل روئیائیل	لوبان تر اسپند	ن	یہ منزل بھی نحس ہے اسمین عمل عداوت کرے محبت نکرے۔
۱۵	عفرا	سواتی	٥٥٥	میزان	زہرہ	روئیائیل	لوبان تر	س	اس منزل مین ترقی رزق و طلسمات کرے اور سفر کرے فائدہ اٹھاوے
۱۶	زبانا	بساکھا	٥٥٥٥	۱/۲ میزان ۱/۲ عقرب	زہرہ مریخ	روئیائیل موئیائیل	حنا	ع	اس منزل مین ہر دو کام کرے۔
۱۷	اکلیل	انرادھا	٥٥٥	عقرب	مریخ	لوئیائیل	زعفران عود قلفل	ف	اس منزل مین بغض کا عمل کرے عمل محبت و تسخیر نکرے
۱۸	قلب	جیٹھا	٥٥٥	عقرب	مریخ	لومائیل	برگ بر گد	ص	یہ منزل سعد ہے عمل حب و تسخیر اور ترقی رزق کرے سفر کرے نیک ہے۔
۱۹	شولہ	مول	٥٥٥٥	قوس	مشتری	عطرائیل	پوست انار ترنج مصطگی	ق	اس منزل مین عامل عمل تسخیر و زبان بندی اور ترقی رزق کرے
۲۰	نعائم	پوربکھاڈ	٥٥٥٥٥ ٥٥٥٥٥	قوس	مشتری	عطرائیل	لوبان	ر	یہ منزل سعد ہے عامل عمل محبت و تسخیر خلائق کرے عداوت نکرے اور طلسمات کرے
۲۱	بلدہ	اوترکھاڈ	٥٥٥٥٥	۱/۲ قوس ۱/۲ جدی	مشتری زحل	عطرائیل کلکائیل	سنبل الطیب و لوبان	د س	یہ منزل نحس اکبر ہے کوئی کام جدید نکرے مگر عامل عمل بغض عداوت کرے
۲۲	سعد ذابح	دن	٥٥٥	جدی	زحل	کلکائیل		ت	یہ منزل نحس ہے حکام کے پاس نجاوے عمل عداوت کرے محبت نکرے۔

نمبرشمار	نام منزل	نام نچھتر	شکل نچھتر	بروج	سیارہ	موکل ابجدی	بخور	حروف	خاصیت
۲۳	سعد بلع	دھنشٹا	٥ ٥ ٥ ٥	½ جدی ½ دلو	زحل زحل	کلکائیل دردائیل	بابونہ	ش	یہ منزل نحس ہی عامل اگر عمل عداوت کرے زیادہ شر و فساد اُٹھے۔
۲۴	سعد الاخبیہ	ست بکھا	٥ ٥ ٥ ٥ ٥	دلو	زحل	دردائیل	عود و مصطگی	خ	یہ منزل سعد ہی عمل عداوت نکرے عمل حب و تسخیر و طلسمات کرے۔
۲۵	سعد المقدم	پوربابھادر	٥ ٥ ٥	¾ دلو ¼ حوت	زحل مشتری	دردائیل تنکفیل	فلفل گرد و انزروت	ذ	یہ منزل نحس ہے عمل عداوت کری محبت نکری کیونکہ فسق و فساد جہانمین زیادہ ہوتا ہی۔
۲۶	فرع المقدم	ادترا	٥ ٥ ٥	حوت	مشتری	تنکفیل	زعفران لوبان کلونجی	ض	اس منزل مین عمل محبت کرے اور کیمیا بناوے اور طلسمات کرے۔
۲۷	فرع المؤخر	ریوتی	٥ ٥	حوت	مشتری	تنکفیل	قلفل گرد دارچینی		یہ منزل نحس ہے عمل عداوت کری عمل محبت نکرے اور عمل تسخیر برعکس ہوگا۔
۲۸	رشا	ابھجت	٥ ٥ ٥ ٥ ٥ ٥	یہ منزل جدی کا اول پہرا ہے	زحل	کلکائیل	کلونجی	غ	عامل عمل محبت کرے اور طلسمات کرے

باب دوسرا بیان بروج مین) اول سر اسم طالب اور مطلوب مین دیکھے کہ کون کون حروف ہین پھر بروجون کو دیکھے کہ موافقت ہی یا نہین اگر موافقت ہی تو بہت جلد کامیاب ہوگا اور اگر موافقت نہوگی تو کام مین دیر ہوگی اگر موافق قاعدہ کی نکروگے تو ہرگز کام نہوگا مثلاً نام طالب نور بخش ہی اور نام مطلوب احمد ہی اب موافقت کرو یعنی مطلوب کا برج حمل ہی اور سیارہ مریخ مزاج آتشی ہی اور طالب کا برج عقرب اور سیارہ مریخ مزاج آبی ہوا اب ان دونون مین موافقت نہین ہوسکتی جبتک کہ اپنی طرف سی قوت طالب مین زیادہ نکروگے وہ یہ ہی کہ کوئی اسم یا دعا جسمین سر حرف الف یا عین ہو شامل کرو اب قوت طالب کے مزاج کی زیادہ ہوگئی اور مطلوب کا مزاج کمزور ہوگیا لہذا ایک نقشہ بروج کا تحریر کرتا ہون جسمین حروف ابجدی بھی شامل ہین وہ یہ ہے

نقشہ بروج

نمبر شمار	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱	میکھ	حمل	بیساکھ	مریخ	آتشی	شرقی	سرخ	زہرہ	شمس	زحل	مذکر	منقلب	سرکائیل	[illegible]	ال ع
۲	برکھ	ثور	جیٹھ	زہرہ	خاکی	جنوبی	سفید	مریخ	قمر	+	مونث	ثابت	خوازئیل	میکائیل	ی ب ہ
۳	متھن	جوزا	اساڑھ	عطارد	بادی	غربی	زرد	مشتری	راس	ذنب	مخنثے	ذوجسدین	[illegible]	[illegible]	ک ق
۴	کرک	سرطان	ساون	قمر	آبی	شمالی	سفید	زحل	مشتری	مریخ	مونث	منقلب	[illegible]	[illegible]	د ح
۵	سنگھ	اسد	بھادوں	شمس	آتشی	شرقی	سرخ	زحل	+	+	مذکر	ثابت	[illegible]	[illegible]	م ٹ
۶	کنیان	سنبلہ	کنوار	عطارد	خاکی	جنوبی	سبز	مشتری	عطارد	زہرہ	مخنثے مونث	ذوجسدین	سماکائیل	[illegible]	پ ف
۷	تلا	میزان	کاتک	زہرہ	بادی	غربی	سفید	مریخ	زحل	آفتاب	مذکر	منقلب	[illegible]	[illegible]	رت ط
۸	برچھک	عقرب	اگھن	مریخ	آبی	شمالی	سرخ	زہرہ	+	قمر	مونث	ثابت	صدائیل	لوائیل	بت ج
۹	دھن	قوس	پوس	مشتری	آتشی	شرقی	زرد	عطارد	ذنب	راس	مذکر	ذوجسدین	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۰	مکر	جدی	ماگھ	زحل	خاکی	جنوبی	سیاہ	قمر	مریخ	مشتری	مونث	منقلب	سماکائیل	کاکائیل	[illegible]
۱۱	کمبھ	دلو	پھاگن	زحل	بادی	غربی	سیاہ و زرد	شمس	+	+	مذکر	ثابت	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۲	مین	حوت	چیت	مشتری	آبی	شمالی	سرخ	عطارد	زہرہ	عطارد	مونث	ذوجسدین	[illegible]	[illegible]	[illegible]

باب تیسرا۔ سیارون کے بیان مین اب دیکھنا سیارہ کا بھی لازم آیا مثل حب و تسخیر و ترقی رزق مین سیارہ زہرہ مشتری۔ قمر وغیرہ اور رد اعدا اور نفاق و تفض مین سیارہ مریخ۔ زحل۔ لینا چاہیے زبان بندی و تیغ بندی و خواب بندی وغیرہ مین عطارد سیارہ کا دھیان رکھے اور شفاء امراض کے واسطے شمس کافی ہے

نقشہ سیارگان

نمبر شمار	نام سیارہ عربی	نام سیارہ فارسی	نام سیارہ ہندی	رنگ	فلک	عامل	موکل	اقلیم	موکل ابجدی
۱	قمر	ماہ	چاند	سبز	اول	دوشنبہ	یعوائیل	ہفتم	عطرائیل
۲	عطارد	تیر	بدھ	فیروزی	دوم	چہارشنبہ	اسمٰعیل	ششم	لومائیل
۳	زہرہ	ناہید	سکر	سفید	سیوم	جمعہ	اسموں	پنجم	سرفائیل

۴	شمس	خورشید	اتوار	طلائی	چہارم	یکشنبہ	کلائیل	چہارم	ہمرائیل
۵	مریخ	بہرام	منگل	سرخ	پنجم	سہ شنبہ	عزرائیل	سوئم	روبائیل
۶	مشتری	برجیس	برہسپت	زرد	ششم	پنجشنبہ	میکائیل	دوم	ربائیل
۷	زحل	کیوان	سنیچر	سیاہ	ہفتم	شنبہ	ارقائیل	اول	سرفائیل


باب چوتھا بخورات کے بیان مین ہر ستارہ کی بخور کے سلگانے مین ایک تاثیر اس عمل مین پیدا ہوتی ہی کیونکہ بخور کے سلگانے سے ستارون کے موکل خوش ہوتے ہین اور جو شخص کسی سے خوش ہوگا تو اُسکے کام کر دینے مین ذرا توقف نکریگا اسواسطے ہر ایک ستارہ کا بخور جدا جدا تحریر کرتا ہون اور یہ بھی خیال رہے کہ جو جنس قیمتی ہین وہ زیادہ دستیاب نہین ہوتی اسوجہ سے عامل کو لازم ہی کہ سب اجزا کو پیسکر رکھ لے اور بخور کر دیا کرے تو ہر مرتبہ مین بخور کل اجزا کا پہنچا کریگا

نقشہ بخورات

نمبر شمار	نام ستارہ	مزاج	نام بخورات
۱	قمر	بارد و رطب	شہد - کافور - عود غرقی
۲	عطارد	بارد و یابس	صندل سرخ - قرنفل - کافور - نمک سنگ
۳	زہرہ	بارد و رطب	عود - عنبر اشہب - مشک - صندل سفید کافور - اسپند
۴	شمس	حار و یابس	دارچینی - عود - مشک و زعفران -
۵	مریخ	بارد و رطب	عود و لوبان و رال
۶	مشتری	حار و یابس	مشک - کافور - صندل سرخ - عود - شکر
۷	زحل	بارد و یابس	عود و لوبان - رال - قرنفل -

محل دوسرا - باب چہار - باب اول سمت کے بیان مین - تعویذ لکھنے

بیٹھے تو اس امر کا خیال رکھے کہ مین کس قسم کا تعویذ لکھنا چاہتا ہون آتشی یا خاکی یا بادی یا آبی جس قسم کا تعویذ لکھنا منظور ہو اُس سمت کو مُنھ کرکے تعویذ لکھے نقشہ سمت موجود ہے دیکھ لو



باب دوسرا مزاج کے بیان مین

اب دیکھنا چاہیے کہ مین تعویذ کس مزاج کا لکھنا چاہتا ہون آتشی ہے یا خاکی ہے یا بادی ہے یا آبی ہے اگر آتشی ہے تو آگ مین دفن کرنا یا فلیتہ سُلگانا چاہیے اور اگر خاکی ہے تو مطلوب کی چوکھٹ مین یا گورستان مین یا شاہ راہ مین دفن کرنا چاہیے اور اگر بادی ہے تو درخت پر لٹکاوے یا اپنے بازو پر باندھے اور اگر آبی ہے تو گھول کر مطلوب کو پلاوے یا دریا مین یا چاہ مین ڈالے اسی طور سے کام کرتے سے بخوبی ہوتا ہے اور کبھی خطا نہین کرتا ہے

باب تیسرا رجال الغیب کے بیان مین

رجال الغیب کو علما اس فن نے چالیس تن مقرر کیے ہین یہ ہمیشہ دورہ کرتے رہتے ہین عامل کو اسکا بھی خیال رکھنا لازمی ہے اگر نیک کام کرنا ہو تو رجال الغیب پشت پر ہو یا دست چپ پر اور اگر بدی کے واسطے کوئی تعویذ یا دعا کرے تو سامنے یا دست راست پر ہونا لازم ہے جب ختم عمل یا تعویذ کر چکے اُس وقت مُنھ اپنا طرف رجال الغیب کے کرکے یہ دعا تین بار پڑھے اور مدد چاہے۔ اللہ تعالیٰ کی دعا رجال الغیب یہ ہے

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا رِجَالَ الْغَیْبِ یَا اَرْوَاحَ الْمُقَدَّسَةِ اَغِیْثُوْنِیْ بِغَوْثَةٍ وَّانْظُرُوْنِیْ بِنَظْرَةٍ یَا رُقَبَاءُ یَا نُقَبَاءُ یَا نُجَبَاءُ یَا اَبْدَالُ یَا اَوْتَادُ یَا غَوْثُ یَا قُطْبُ اَغِیْثُوْنِیْ فِیْ هٰذَا الْاَمْرِ سَلَّمَکُمُ اللّٰهُ تَعَالٰی فِی الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَةِ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ ط جس جگہ پر فی ہذا الامر لکھا ہے وہان پر اپنے مطلب کے واسطے دعا کرے بعد پڑھنے کے پھر پشت طرف رجال الغیب کے کرے تاریخ رجال الغیب کی اس نقشہ مین دیکھ لے

نقشہ رجال الغیب

نیر عتنا	مغرب	باختر	
[illegible]	۲۷-۱۹-۱۲-۴	۲۹-۲۰-۵	جنوب
۲۶-۱۸-۱۲-۳	نقشہ رجال الغیب	۱۹-۲۳-[illegible]	
۱-۶-[illegible]	۶-[illegible]	۸-[illegible]	۲۶

باب چوتھا۔ ساعت کے بیان مین۔ جاننا چاہیے کہ مبتدی کو ساعت کو دیکھنا بھی ضروری ہیں یاد رکھو کہ جس برج مین آفتاب طلوع ہوتا ہے اُسیوقت سے ساعت شروع ہوتی ہی اور چوتھی ساعت مین یعنی چوتھے سیارہ مین دوپہر اور ساتوین پر شام اور دسوین سیارہ پر آدھی رات اور بارھوین سیارہ پر صبح ہوا کرتی ہی یہ قاعدہ کلیہ ہی اسکو خوب یاد رکھنا اگر بھول جاؤگے تو وقت عمل کرنے کا ہرگز نہ پاؤگے اس وجہ سے ایک مثال بھی درج کیے دیتا ہون مثلاً آج کل برج حمل ہے صبح کو جب آفتاب نکلیگا تو برج حمل مین نکلے گا مالک سیارہ مریخ ہی تو اول ساعت مریخ کی ہے اور چوتھا برج سرطان ہے مالک سیارہ قمر ہوا دوپہر تک رہا اور ساتوین برج میزان ہے مالک سیارہ زہرہ ہے اب شام ہوئی اور دسوان برج جدی ہی مالک سیارہ زحل ہوا آدھی رات ہوئی اور بارھوان برج حوت ہے مالک سیارہ مشتری ہوا صبح ہوگئی یہ قاعدہ ہمیشہ چلا آتا ہے اگر تمکو نہ معلوم ہو کہ اب برج کون ہی کیونکہ بارہ مہینے ہوتے ہین اور بارہ راس یعنے برج ہین ایک ایک ماہ ہر سیارہ اپنے برج پر تصرف رکھتا ہی پس جنتری مین دیکھ لو کہ کون سنکرات ہی اُسوقت دائرۂ بروج کو دیکھ لو اُسمین ہندی مہینہ اور راس و برج درج ہین اُس ہین دیکھکر اپنا حساب لگاکر وقت ٹھیک کر لو ایک مثال یہانپر لکھے دیتا ہون تاکہ مبتدی کی سمجھ مین آجاوے مثلاً ہمکو منظور ہی کہ دو شخصون مین جدائی ہو جاوے تو سمجھنا چاہیے کہ ہم کون سیارہ مین کام لین دریافت کرنے سے معلوم ہوا کہ سیارہ مریخ افضل ہے پس ساعت مریخ مین کام کرے اب یہ معلوم کرے کہ آجکل کون سنکرات ہی دریافت سے معلوم ہوا کہ تلا یعنے میزان کی سنکرات ہی پس آفتاب اُسی سنکرات مین طلوع ہوا اور سیارہ اُسکا زہرہ ہے اور ہمکو مریخ کی ساعت مین کام کرنا ہی حساب لگاؤ کہ مریخ کی ساعت کسوقت پڑیگی شمار سے دریافت ہوا کہ عقرب کی ساعت مریخ کی ہی کیونکہ عقرب کا سیارہ مریخ ہے پس یہ شروع ساعت سے

دوسری ساعت ہی اسکا وقت کون ہوا اب یہ دیکھو کہ کے بجے آفتاب طلوع ہوا مثلاً
چھ بجے دس منٹ پر آفتاب نکلا ہے تو اس تلا کی ساعت آٹھ بجے ۴۰ منٹ تک رہی
بعد کو عقرب کی ساعت شروع ہو گئی یہ ساعت دس بجے ۴۸ منٹ تک رہیگی اسوقت مین
اپنا کام کرو تو ضرور کامیاب ہو گے اب ہمکو وقت ہر سیارہ کا لکھنا واجب ہوا کہ مبتدی کو آسان
پڑے کہ کون سیارہ کتنی دیر اپنا تصرف رکھتا ہے نقشہ دیکھا اور معلوم کر لیا وہ نقشہ ساعت کا یہ ہے

نقشہ وقت ساعت

نمبر شمار	نام برج	نام اس	گھڑی	پل	گھنٹہ	منٹ	سکنڈ
۱	حمل	میکھ	۳	۴۱	۱	۲۸	۲۴
۲	ثور	برکھ	۴	۱۳	۱	۴۱	۱۲
۳	جوزا	متھن	۵	۴	۲	۱	۳۶
۴	سرطان	کرک	۵	۴۲	۲	۱۶	۴۸
۵	اسد	سنگھ	۵	۴۵	۲	۱۸	۰
۶	سنبلہ	کنیا	۵	۳۵	۲	۱۴	۰
۷	میزان	تلا	۵	۳۵	۲	۱۴	۰
۸	عقرب	برچھک	۵	۴۵	۲	۱۸	۰
۹	قوس	دھن	۵	۴۲	۲	۱۶	۴۸
۱۰	جدی	مکر	۵	۴	۲	۱	۳۶
۱۱	دلو	کمبھ	۴	۱۳	۱	۴۱	۱۲
۱۲	حوت	مین	۳	۴۱	۱	۲۸	۲۴

تمھارے واسطے ہر امر ہمنے سہل کر دیا
پل گھڑی کو گھنٹہ منٹ کر دیا کہ فوراً
دیکھکر کام کر لو مثلاً تم کسی پنڈت سے
دریافت کرو کہ آج کون لگن مین آفتاب
نکلیگا وہ کہے برکھ یعنی ثور کی لگن مین
سورج طلوع ہوگا اور اتنی گھڑی اور پل
رہیگا بعد کو دوسری لگن شروع ہو گی یعنی
۴ گھڑی ۱۳ پل تک رہیگی تو گھنٹہ منٹ لو
اسکا حساب یہ ہے کہ ڈھائی گھڑی کا ایک گھنٹہ
اور چوبیس منٹ کی ایک گھڑی ڈھائی پل کا
ایک منٹ چوبیس سکنڈ کی ایک پل ہوتی ہے
تو ایک گھنٹہ اور اکتالیس منٹ اور ۱۲ سکنڈ
ہوئے [illegible] لگن مین آتی
دیر رہیگا بعد دوسری [illegible]

اور دوسری خاصیت پیدا کریگا اگر تمکو دن اور ہفتہ اسی دوسری برج کا ملجاوے تو بہت اچھا ہے
مثال مثلاً ثور مین تم عمل کرتے ہو اسکا سیارہ زہرہ ہے اور دن جمعہ اور ہفتہ [illegible]

اگر یہ سب ملجائین تو بہت خوب ہو ورنہ کچھ ضرورت نہین ہی تم ہر وقت عمل کر سکتے ہو
عاملون نے ساعت کے اور قاعدے لکھے ہین مگر مین نے اُسکو تحریر نہین کیا ہی کیونکہ وہ
مبتدی کی سمجھ مین نہین آسکتے اور یہ قاعدہ مین نے خلاصہ تحریر کیا ہی اس سے واقف کار
ہونا لازم ہی محل تیسرا۔ باب چار۔ باب اول مہینہ سعد و نحس کے بیان مین
نقشہ ہذا مین دیکھکر کام کرو کہ کون کون مہینہ کس کس کام کے واسطے مقرر ہی اور کون
کون دن کس کس کام کو لازم ہے اگر اسکی پابندی کروگے بخوبی کامیاب ہوگے۔

نقشہ سعد و نحس کا یہ ہی

سعد	ذوجسدین	نحس
اگھن۔ پھاگن۔ جیٹھ۔ بھادون	پوس۔ چیت۔ اساڑھ۔ کنوار	ماگھ۔ بیساکھ۔ ساون۔ کاتک
اتوار۔ پیر۔ جمعرات تسخیر و حب و فائدہ زر و قیام حمل و زراعت و بہت مفید ہے	بدھ۔ جمعہ حب و تسخیر و زبان بندی و خواب بندی و نفاق و مقہوری اعدا کو سودمند ہے	سنیچر۔ منگل نقصان زر و نفاق و بغض و قتل اعدا و خوار کرنا دشمن کو افضل ہے۔

باب دوسرا قلم بنانے کے بیان مین جس وقت کوئی دعا یا تعویذ لکھنا چاہو تو قلم
نئے لو اور اُسکو بناؤ وقت بنانے کے یہ دعا پڑھتے رہو اَللّٰهُمَّ حِجِّیْ فَاتِحَةُ الْکِتَابِ کٓھٰیٰعٓصٓ
حٰمٓعٓسٓقٓ قُلْ اُوْحِیَ قُلْ هُوَ اللّٰهُ بعد کو قلم پر دم دے اگر نیک کام ہی تو بسم اللہ جمالی اور درود جمالی
پڑھے اور اگر کام بد ہے تو بسم اللہ جلالی اور درود جلالی پڑھے بسم اللہ جمالی یہ ہے
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اور درود جمالی یہ ہی اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بَارِکْ وَسَلِّمْ اور
بسم اللہ جلالی یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الْجَلِیْلِ الْجَبَّارِ الْقَاهِرِ الْقَهَّارِ اور درود جلالی یہ ہے
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْقَاهِرِیْنَ عَلٰی اَعْدَاءِ الْعٰلَمِیْنَ تین تین بار پڑھے بعد کو زانوی راست پر
کاغذ رکھکر پھر اول و آخر درود شریف تین تین بار پڑھے بعد کو تعویذ لکھے درود شریف
ہر دعا و تعویذ کے اول و آخر ضرور پڑھے **باب تیسرا روشنائی کے بیان مین**
جاننا چاہیے کہ جدا جدا ستارہ کی جدا جدا روشنائی بھی مقرر ہی اسوجہ سے ہر عملیات کا

لکھنا بھی واجب ہو اور روشنائی قمر مشک و زعفران عطارد شنگرف یا سیاہی زہرہ مشک و زعفران شمس زعفران یا عرق نیب یا سیاہی مریخ سیاہی یا نیل یا سرکہ مشتری مشک و زعفران زحل نیل و سرکہ یا سیاہی جسمین ع ق نیب شامل ہو تعویذ جس قسم کا لکھو دیکھو قمر صبح عطارد عشا و ظہر زہرہ صبح شمس صبح خواہ دوپہر مریخ زوال یعنی دوپہر مشتری صبح تا چاشت زحل ٹھیک دوپہر یا زوال کا وقت ہو ان امر کا عامل کو لحاظ ضرور رکھنا چاہیے **باب چوتھا۔ کیا چیز منھ مین رکھکر تعویذ لکھے۔** زحل ترش یا تلخ مشتری شیرین مریخ ترش یا تلخ شمس تلخ یا شیرین زہرہ شیرین عطارد موم یا فلفل گرد۔ قمر شیرین رکھنا چاہیے مین اب تمکو زیادہ پریشان کرنا نہین چاہتا ہون ایک نقشہ خلاصہ تحریر کیے دیتا ہون جسکو دیکھکر ہر امر فورا معلوم کر لوگے وہ خلاصہ نقشہ یہ درج ہے

نقشہ کلیہ ہر فعل کا یہ ہے

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
بخور	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
سعد نحس	نحس	سعد	نحس	سعد	سعد	ممتزج	سعد
[illegible]	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
[illegible]	ہفتہ	جمعرات	منگل	اتوار	جمعہ	بدھ	پیر
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
	-	۲	۳	۲	۵	۰	۰

محل چوتھا۔ باب چہار۔ باب اول زکوٰۃ کے بیان مین۔ جاننا چاہیے

جو شخص اس فن کو حاصل کرنا چاہے اول حروف تہجی کی زکوٰۃ دے بعدہ عمل کرے کیونکہ
حروف تہجی کی قاعدے بہت ہین مگر مین سہل طریقے سے تحریر کرتا ہون دوسری جلد مین دو
طریقہ لکھونگا جس طرح غوث گوالیاری قدس سرہٗ نے حروف تہجی کی زکوٰۃ دی تھی ترکیب
حروف تہجی کی زکوٰۃ دینا چاہو تو اسطرح دو یعنی عروج ماہ روز پنجشنبہ بعد نماز عشا ایک ایک
حرف مین چار ہزار چار سو چوالیس بار پڑھے اٹھائیس روز مین اٹھائیسون حروف ختم ہوجائینگے
اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے پرہیز جمالی و جلالی بعد ختم کے ایک بکرا ذبح
کرکے گوشت اسکا محتاجون کو بانٹ دے۔ زکوٰۃ پوری ہوجائیگی باقی قاعدہ اول ہی
لکھدیا بار بار لکھنے کی کوئی ضرورت نہین ہے ہر عامل اسی کی پابندی کرے حروف مع موکل یہ ہین
اَجِبْ یَا اِسْرَافِیْلُ بِحَقِّ یَا اَلِفُ - اَجِبْ یَا جِبْرَائِیْلُ بِحَقِّ یَا بَاءُ - اَجِبْ یَا عِزْرَائِیْلُ بِحَقِّ یَا تَاءُ - اَجِبْ
یَا مِیْکَائِیْلُ بِحَقِّ یَا ثَاءُ - اَجِبْ یَا مِیْکَائِیْلُ بِحَقِّ یَا جِیْمُ - اَجِبْ یَا تَنْکَفِیْلُ بِحَقِّ یَا حَاءُ - اَجِبْ یَا
مَمْکَائِیْلُ بِحَقِّ یَا خَاءُ - اَجِبْ یَا دَرْدَائِیْلُ بِحَقِّ یَا دَالُ - اَجِبْ یَا آهْرَاطِیْلُ بِحَقِّ یَا ذَالُ - اَجِبْ یَا
اَمْوَاکِیْلُ بِحَقِّ یَا رَاءُ - اَجِبْ یَا سَرْفَائِیْلُ بِحَقِّ یَا زَاءُ - اَجِبْ یَا هَمْوَاکِیْلُ بِحَقِّ یَا سِیْنُ - اَجِبْ یَا هَمْرَائِیْلُ
بِحَقِّ یَا شِیْنُ - اَجِبْ یَا اِهْجَمَائِیْلُ بِحَقِّ یَا صَادُ - اَجِبْ یَا عَطْکَائِیْلُ بِحَقِّ یَا ضَادُ - اَجِبْ یَا اِسْمَائِیْلُ بِحَقِّ یَا طَاءُ
اَجِبْ یَا لُوْکَائِیْلُ بِحَقِّ یَا ظَاءُ - اَجِبْ یَا لُوْمَئِیْلُ بِحَقِّ یَا عَیْنُ - اَجِبْ یَا لُوْخَائِیْلُ بِحَقِّ یَا غَیْنُ - اَجِبْ یَا سَرْخَمَاکِیْلُ
بِحَقِّ یَا فَاءُ - اَجِبْ یَا عَطْرَائِیْلُ بِحَقِّ یَا قَافُ - اَجِبْ یَا حَرُوْزَائِیْلُ بِحَقِّ یَا کَافُ - اَجِبْ یَا طَاطَائِیْلُ بِحَقِّ
یَا لَامُ - اَجِبْ یَا رُوْیَائِیْلُ بِحَقِّ یَا مِیْمُ - اَجِبْ یَا حُوْلَائِیْلُ بِحَقِّ یَا نُوْنُ - اَجِبْ یَا دَنْتَمَائِیْلُ بِحَقِّ یَا وَاوُ -
اَجِبْ یَا دَرْدَائِیْلُ بِحَقِّ یَا هَاءُ - اَجِبْ یَا سَرْکَطَائِیْلُ بِحَقِّ یَا یَاءُ **تمت**

باب دوم زکات دعاء سیفی

عروج ماہ روز پنجشنبہ کو اس دعا کی زکات شروع کرے دو چالیس روز تک پڑھے ہر روز دو سو گیارہ بار پڑھے بعد ختم کے ایک بکرا یا مرغ ذبح کرکے محتاجون کو بانٹ دے پرہیز جمالی و جلالی یعنی ساتھ اعتکاف کے اس دعا کو پڑھے اس دعا مین بہت فائدے ہین یہ بارہ نام اسرار الٰہی سے ہین اور اس مین جو زائد اسمی

خاصیتین ہین ان نامون سے تمام عالم کو تسخیر کر سکتے ہو یہ اسرار مخفی سے ہین حضرت رسول
مقبول احمد مجتبی محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم نے باز و بتدا پنا کیا تھا اور برابر اپنے پاس رکھتے
تھے کسی وقت جدا نکرتے تھے تمام خلق فرمانبردار انکی ہوئی اور دشمن پر فتحیاب ہوئے
جبرئیل ان نامون کو خزانۂ نعیم سے لائے تھے حضرت نے یکے بادیگر تعلیم فرمایا تھا جو کوئی ان
نامونکو پاس رکھے گا تیر تفنگ و تیغ و جادو و آب وان و آتش سوزان و شر بلا اس جہانکی
اور شر بلا اُس جہان کی اور شر دیو و پری سے حق تعالی نگاہ رکھیگا جو دعوت دیکر ورد
کرے تماشہ بو العجب معاینہ کرے اور تمام خلق فرمانبرداری اُس کی کرے اور ہرگز بیمار نہو
اور جو کچھ حق تعالی سے مانگے ملے۔ یہ دعا بزرگتر ہے ہر ایک پیغمبر اس دعا کو اللہ تعالے
سے مانگتے تھے اول زکات دیکر کام کرے ورنہ سب بے سود ہے خاصیت جو کوئی چاہے
کہ کسی کو اپنا عاشق بناوے مرچ سیاہ یا نمک لاوے بوقت نکلنے آفتاب کے ایک بار پڑھے
اور دم کرکے آگ مین تھوڑا تھوڑا جلاوے وقت جلانے کے نام دونون کا لیتا جاوے
اسطرح کہے سوختم دل و جان فلان بن فلان علی حب فلان بن فلان ببرکت اس دعا کے
بہت جلد وہ شخص سرگردان آوے اور بیقرار ہووے دوم جو کوئی گیارہ بار پڑھے شب جمعہ کو
اجناس خوردنی پر اور جس کسی کو کھلاوے وہ مطیع ہو جاوے سوم جو کوئی ان نامون کو صد بار
پڑھے اور دم کرے یا لکھے اور پانی مین دھووے اُس پانی مین آرد گندم خمیر کرکے گولیان
بناوے اور مرغون کے آگے ڈالے جب بارہ گولیان باقی رہین اُنپر سات بار پھر یہ دعا
دم کرے مع نام ہر دو شخص کے اور مرغ کو کھلاوے فوراً وہ عاشق و دیوانہ ہو جاوے جو کوئی
چاہے درمیان دو آدمیون مین جدائی ہو جاوے لاوے خاک چورہے کی اور اسپہ نام
گیارہ بار پڑھکر اُسکے گھر مین ڈالے فوراً جدائی ہو جائے اور مقہوری ہو اگرچہ ہزار ہون
اور جو چاہے کہ جدائی دور ہو جائے اُس خاک کو اُس گھر سے دور کرے جدائی جاتی ہے یہ عمل
مجرب ہے پنجم جو کوئی چاہے کہ کسی کو بیمار کرے تو کسی زمین پر صورت اُس آدمی کی بناوے

اُس پر بارہ نام ہفت بار بتصور اُس شخص کے دم کرے وہ شخص ضرور بیمار ہوجائے
اور جو چاہے آرام ہو اُس خط یعنی تصویر کو زمین سے بگاڑ ڈالے اور گیارہ بار پانی پر
دم کرکے پلاوے صحت ہو ششم جمعہ کی رات کو تین سو بار بہ نیت ہلاک دشمن کے پڑھے اور
نام اُسکا لیوے بیشک ہلاک ہو بروقت پڑھنے کے احصار گرد بگرد اپنے کھینچے ہفتم
جو کوئی چاہے کہ دفینہ معلوم ہو ان نامونکو مشک و زعفران سے لکھکر مرغ سفید کے گلے مین
باندھے اور رہا کردے جس جا خزانہ ہوگا وہان اُڑکر جائیگا اور بانگ دیگا۔ ہشتم ایک ہزار
تین سو بار پڑھے پریان حاضر ہون اور ہر شب پاسبانی اُسکی کرین۔ نہم جو کوئی سات بار
ہر روز ورد کرے جو کچھ عالم الغیب مین ہو اُس سے آگاہ ہو۔ دہم جو کوئی مشکل پیش
آوے اور اُسکا ہونا غیر ممکن ہو تو ہفت شب متواتر بائیس مرتبہ بارہ نامون کو پڑھے
یعنے شب کو پڑھے مؤکل حاضر ہون جو حاجت ہو کہے پوری کردیں یازدہم جو کوئی ایکسو بار
ان نامونکو شب مین پڑھے مؤکل حاضر ہون ہر آفات و ہر شر دشمنون اور زبان دشمنون سے
بچاوین دوازدہم جو کوئی بارہ نامون کو چالیس روز ایکسو بیس بار پڑھے بہ نیت تسخیر سبعہ
سیارہ کے مسخر ہوجاوین جسکو اشارہ کرے ہلاک کر ڈالین سیزدہم جو کوئی بیماری سخت
رکھتا ہو اور پر طاؤس کے اکیس بار پڑھے اور بیمار پر پنکھا کرے بیماری زائل ہو چہاردہم جو
کوئی لیتے پاس رکھے حق تعالیٰ اُسکو کل بلاؤن اور آفتونسے امن مین رکھیگا اور جو اُس
جگہ نہ آویگا اور دیو و پری اُسکو نہ ستاوینگے امن حاکی اتنی کرامت ہے کہ اولیا کو اتنی کرامت
ہوتی خاصیت متفرق ہر اسم کی جدا جدا۔ اسم اول و دوم و سوم
جو کوئی ان تین اسمون کو اوپر پانی کے اکیس بار پڑھکر دم کرے اور بیمار کو بہوڑ پلادے
حق تعالیٰ شفا عطا کریگا جو کوئی تین اسمونکو گلاب و مشک و زعفران سے لکھکر اپنے پاس
رکھے نظر خلائق مین مکرم و معظم ہو اور گلے مین طفل کے لٹکاوے نظر بد و ہر آسیب و
سحر سے امن مین رہیگا جو کوئی ان اسمون کو واسطے ... کے روز چہارشنبہ کو لکھے اور

دریامین بہاوے درمیان مین اُنکے عداوت پیدا ہوا اور جو کوئی اوپر سُرمہ کے ان تینون
اسمونکو پڑھے اور آنکھ مین لگاوے تو رتوندی و دتوندی دور ہو جاوے۔ اسم چہارم جو کوئی
اسم چہارم کو ہمیشہ لکھکر کھائے ہر آفات مثل بواسیر کنددانہ۔ کرم دانہ تاب تلی دفع ہو دوسری
بار پھر کبھو نہوا اور جو کوئی اوپر پوست آہو کے لکھکر زیر بالین یا زیر آستانہ کے رکھے محبت ہو
اور جو کوئی سوا لاکھ بار اسم چہارم کو پڑھے بادشاہ دیو پریان مسخر ہو کر حاضر ہین مگر ترک جمالی و
جلالی کرے ورنہ ہلاک ہوگا۔ جو کوئی اسم چہارم کو بہ نیت دفع دشمن درمیان گور کہنہ کے پڑھے
دشمن ذلیل و خوار ہوا اور جو کوئی اسم چہارم کو عرق گلاب پر پڑھے اور اُس سے مُنھ کو دھووے
اور آگے حاکم کے جاوے مقہور نہوا اور عزیز ہوا اگر اسم چہارم کو ہفت بار اوپر شکر کے پڑھے اور غلام کو
کھلاوے ہرگز غلام نہ بھاگیگا اگر بھاگیگا تو پشیمان ہو کر لوٹ آئیگا۔ اسم پنجم اگر اسم پنجم کو پانی پر
دم کرے اور چاہ مین ڈالدے یا بیمار کو پلاوے صحت کلی حاصل ہووے۔ اگر تندرست پیئے ہرگز
بیمار نہوا اگر ہفتاد و یکبار ہر روز اوپر اپنے دم کرے دشمن پر فتح پاوے اور دشمن سامنے سے
گریز کر جاوے۔ جو کوئی اسم پنجم کو لکھکر گوسفند کے گلے مین باندھے کوئی بیماری گوسفند کو نہوا اور
دودھ زیادہ ہوا اور جو کوئی اسم پنجم کو اوپر کفن مردے کے لکھے سوال منکر نکیر کا اُسپر آسان ہوا اور
جو کوئی ساٹھ بار گوشت پر پڑھکر گربہ کو کھلاوے کسی مرغ اور جانور کو ضرر نہ پہونچاوے
اسم ششم اگر چھ ہزار بار خاک پر دم کر کے زراعت مین ڈالے اُس زراعت مین
برکت ہوا اور کل آفات سے سالم رہے۔ اسم ہفتم جو کوئی اسم ششم و ہفتم کو لکھے اور زیر
زبان رکھے آگے جسکے جاوے عزیز اور مکرم ہوا اور جو کوئی کاغذ حریر پر لکھے اور زخم
مار گزیدہ پر ملے صحت ہوا اگر اسم ہفتم کو چار ہزار بار پڑھے البتہ دیو و پری مسخر ہون
پڑھنے سے پہلے عود و صندل جلاوے بیشتر عمل کرنے سے چالیس روز ترک حیوانات کرے اور جو
کوئی اسم ہفتم کو لکھکر نیچے زبان کے رکھکے آگے جسکے جاوے مقبول ہوا اگر لکھکر عورت عقیمہ کے
دست راست پر باندھے فرزند نرینہ پیدا ہوا اگر کشتی مین رکھے کشتی غرق ہونے سے بچے

اگر ہفت بار دانۂ غلہ پر پڑھکر دم کرے ہرگز کرم نہ لگے اسم ہشتم اسم ہشتم کو چالیس روز سات بار پڑھے محبت و روزی زیادہ ہو اسم نہم جو کوئی اسم نہم کو تین بار اوپر طعام کے پڑھے اور بیمار کو کھلاوے صحت ہو اسم دہم جو کوئی اسم دہم کو لکھکر پاس رکھے اگر بدہو نیک ہوجاوے اسم یازدہم جو کوئی اسم یازدہم کو ستر بار پڑھے ہر شب بہت عجائب دیکھے تمام خلق مسخر ہو اسم دوازدہم جو کوئی صدق دل سے ستر بار پڑھے حاجت اُسکی برآوے اگر کاغذ پر لکھکر اپنے پاس رکھے کوئی بدی اُس پر کارگر نہو۔ جو کوئی ان نامونکو ہمیشہ پڑھا کرے تونگر ہوجاوے اور جملہ آفات سے بچے جو کوئی ان بارہ نامونکو بعد نماز عشا پڑھے دولت مند ہوجاوے اور مرتبہ اُسکا بالا ہو اور اگر جنگ مین چھ بار پڑھے درمیان اُنکے صلح ہو۔ اور جو کوئی لکھکر پاس اپنے رکھے تمام دردون اور درد اندام وغیرہ اور بیماری سے اور ان سب امورون سے بچے وہ دعا یہ ہی اَللّٰھُمَّ یَا بَشْمَخ

بَشْمَخِ ذَالھَا مُوْ اَشْیَطِیْتُوْنَ ۝ اَللّٰھُمَّ یَا ذَانُوْ اَمَلْخُوْتُوْا دِیْمُوْنَ ۝ اَللّٰھُمَّ یَا اَرْغِشْ اَرْغِیْشَتُ وَخَلَاخُوْنَ ۝ اَللّٰھُمَّ یَا رَخْمُوْتُ اَدْرَخِیْ اَرْخَمْ اَرْخِیْمُوْنَ ۝ اَللّٰھُمَّ یَا خَیْسُوْرَا مَیْسُوْرَا اَرْقِشْ دَارْ رَعِلِیْتُوْنَ ۝ اَللّٰھُمَّ یَا اِھْیَا اَشْرَاھِیَا اَذُوْنِیْ اَصْبَاؤُتُوْنَ ۝ اَللّٰھُمَّ یَا وَھُمِیْثَا دَھُلِیْلُوْ مِیْطَتِرُوْنَ ۝ اَللّٰھُمَّ یَا نُوْرُ اَرْعِشْ سَیْلَفْتُوْنَ ۝ اَللّٰھُمَّ یَا اَشِیْرُوْا اَشْمَخْ اَسْمَاعَا اَسْمَاعُوْنَ ۝ اَللّٰھُمَّ یَا مَلْکُوْتَا مَتْکُوْتَا مَلِیْخَا مَاخُوْنَ ۝ اَللّٰھُمَّ یَا عَلَامُ اَنْعِدَا اَدْعِیْ بَرْنُوْنَ ۝ اَللّٰھُمَّ یَا مَشْمَخْ مَشْمَخِیْثَا مَتْلَامُوْنَ ۝ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بَیْنَ الْکَافِ وَالنُّوْنِ اِنَّمَآ اَمْرُہٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنَ فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ بِیَدِہٖ مَلَکُوْتُ کُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۝

باب تیسرا زکات عقد المحبت کے بیان مین۔

زکات عقد المحبت تا بیت مہینہ عروج ماہ بروز پنجشنبہ اس استاد کو اکیس ۲۱ یا تیس بار ہر روز پڑھے اسیطرح ایک چلہ ختم کرے بعد ختم کے ایک بکرا ذبح کرکے محتاجون کو بانٹ دے بعدہ کام مین

لاوے لیکن حرام کے واسطے ہرگز نہ کرے ورنہ عمل ہاتھ سے جاتا رہیگا یہ استاد واسطے
مہر ومحبت و دوستی کے نہایت مجرب ہی اور اس دعا عقد المحبت کو ایک سو چودہ سورۂ
قرآنی سے جمع کیا ہی ہر آیت محبت کی اس جگہ لکھی ہین اس استاد کو بہ نیت دوستی پڑھے
جس شخص کے واسطے پڑہیگا اُسکا دل موم ہو جائیگا اگر صد فرسنگ ہوگا افتان وخیزان
حاضر ہوگا اسکو شیرینی پر ہر ایکبار پڑھکر دم کر لیا کرے اور معشوق کو کھلاوے معشوق
محبت دل وجان سے کرے اور اگر ہر روز ورد رکھے اور اپنے اوپر دم کر لیا کرے
جو شخص اُسکو دیکھے عاشق ہووے یا اوپر روغن خوشبودار یا عطر گلاب کے ایک بار پڑھکر
دم کرے اور اپنے منھ پر ملے جو کوئی اُسکو دیکھے محبت دلی کرنے لگے اگر میان اور بی بی
مین موافقت نہو یا معشوق دور ہو چاہیے کہ اوپر خوشبوی چوب لوبان یا عود کے
تین بار پڑھکر دم کرے اور آگ مین جلاوے اگر زنجیر مین کسا ہوگا توڑ کر حاضر ہوگا یا اوپر
سیب یا میوہ کے تین بار پڑھکر دم کرے اور معشوق کو دے تا کہ کھاوے فوراً عاشق ہو جاوے
غرضکہ اس استاد کو اگر کوہ پر دم کر دے وہ بھی باہر چلا آوے اس استاد کو پڑھے صفت یہ ہی
مین نے مختصر لکھا ہے وہ یہ ہی بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ عَلَيۡكَ وَالۡاِعۡتِصَامُ بِكَرَمِ الۡعَمِيۡمِ بِحَقِّ
يَا عَلِيُّ يَا تُوۡمَائِيۡلُ يَا قَيۡوُشِ يارب فلان کس را بمہر ودوستی من گرفتار کن گرفتم سر فلان بن
فلان را بمہر ودوستی فلان یارب یارب یارب مسر سودا ای بمہر ودوستی بِحَقِّ قُلِ اللّٰهُمَّ
مٰلِكَ الۡمُلۡكِ تُؤۡتِي الۡمُلۡكَ مَنۡ تَشَآءُ وَتَنۡزِعُ الۡمُلۡكَ مِمَّنۡ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنۡ تَشَآءُ وَتُذِلُّ
مَنۡ تَشَآءُ بِيَدِكَ الۡخَيۡرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيۡءٍ قَدِيۡرٌ يَا قَيُّوۡمُ يَا عَطۡرَائِيۡلُ يَا شَهۡيُوۡسُ
تُوۡلِجُ الَّيۡلَ فِي النَّهَارِ وَتُوۡلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيۡلِ وَتُخۡرِجُ الۡحَيَّ مِنَ الۡمَيِّتِ وَتُخۡرِجُ الۡمَيِّتَ
مِنَ الۡحَيِّ وَتَرۡزُقُ مَنۡ تَشَآءُ بِغَيۡرِ حِسَابٍ بِحَقِّ يَا تَوَّابُ يَا عِزۡرَائِيۡلُ يَا طَيۡسُوۡسُ
قُلۡ اِنۡ كُنۡتُمۡ تُحِبُّوۡنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوۡنِيۡ يُحۡبِبۡكُمُ اللّٰهُ وَيَغۡفِرۡ لَكُمۡ ذُنُوۡبَكُمۡ وَاللّٰهُ غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ
بِحَقِّ يَا قَيُّوۡمُ يَا عَطۡرَائِيۡلُ يَا شَهۡيُوۡسُ قُلۡ اَطِيۡعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوۡلَ فَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَاِنَّ اللّٰهَ

لا يحب الكافرين ۝ يحبونهم كحب الله والذين آمنوا أشد حبا لله ۝ بلى من أوفى
بعهده واتقى فإن الله يحب المتقين ۝ بحق يا قيوم يا عطرائيل يا شهيوش ۝
الحمد لله رب العالمين ۝ بمهر و دوستی من فلان کس را بیقرار گردان بحق هذه
الأسماء أيكم يأتيني بعرشها قبل أن يأتوني مسلمين ۝ قال عفريت من
الجن أنا آتيك به قبل أن تقوم من مقامك وإني عليه لقوي أمين ۝ قال الذي عنده علم من الكتاب
أنا آتيك به قبل أن يرتد إليك طرفك فلما رآه مستقرا عنده قال هذا من فضل ربي ليبلوني أأشكر أم أكفر
ومن شكر فإنما يشكر لنفسه ومن كفر فإن ربي غني كريم ۝ الرحمن الرحيم بحق يا الله
يا اسرافيل يا قيليوش یا رب هر دو گوش فلان را شنوای سخن من کن بمهر و دوستی بحق ولو
أنهم قالوا سمعنا وأطعنا وأولئك هم المفلحون ۝ ومن يطع الله ورسوله و
يخش الله ويتقه فأولئك هم الفائزون ۝ عسى الله أن يجعل بينكم وبين
الذين عاديتم منهم مودة ۝ والله قدير والله غفور رحيم ۝ مالك يوم الدين ۝
إياك نعبد وإياك نستعين ۝ یا رب یا رب یا رب هر دو لب و دندان و زبان فلان بن فلان
کس را گویای سخن من کن وراودته التي هو في بيتها عن نفسه وغلقت الأبواب
وقالت هيت لك قال معاذ الله إنه ربي أحسن مثواي ۝ إنه لا يفلح الظالمون ۝
قد شغفها حبا ۝ إنا لنراها في ضلال مبين ۝ قالوا تالله تفتؤ تذكر يوسف حتى تكون
حرضا أو تكون من الهالكين ۝ اهدنا الصراط المستقيم ۝ یا رب یا رب
یا رب هر دو دست و سینه فلان بن فلان کس را گیرای من کن بمهر و دوستی بحق فبما
رحمة من الله لنت لهم ولو كنت فظا غليظ القلب لانفضوا من حولك ۝ فاعف
عنهم واستغفر لهم وشاورهم في الأمر فإذا عزمت فتوكل على الله إن الله يحب
المتوكلين ۝ بحق كهيعص كفايت الله وطه وطس وطسم ويس وحمعسق حمايت
ق والقرآن المجيد ۝ ن والقلم وما يسطرون ونگر قسم و دل و جان

وہفت اندام فلان بن فلان را بمہر و دوستی فلان بحقِ وَاَلْقَیْتُ عَلَیْکَ مَحَبَّةً مِّنِّیْ وَلِتُصْنَعَ
عَلٰی عَیْنِیْ اِذْ تَمْشِیْٓ اُخْتُکَ فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّکُمْ عَلٰی مَنْ یَّکْفُلُهٗ ؕ فَرَجَعْنٰکَ اِلٰٓی اُمِّکَ کَیْ تَقَرَّ
عَیْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ ؕ اَللّٰهُمَّ یَا رَبِّ بِحَقِّ جِبْرَائِیْلُ یَا مِیْکَائِیْلُ یَا اِسْرَافِیْلُ
یَا عِزْرَائِیْلُ بِحَقِّ تَوْرَیْتَ مُوْسٰی وَاِنْجِیْلَ عِیْسٰی وَزَبُوْرِ دَاؤُدَ وَفُرْقَانَ مُحَمَّدٍ
عَلَیْهِ السَّلَامُ وَاٰلِهٖ اَجْمَعِیْنَ ۔ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ گرفتم دل و جان
وہفت اندام فلان را خواہان من کن بحقِ اٰدَمَ وَحَوَّا وَهَابِیْلَ وَشِیْثٍ وَاِدْرِیْسَ
وَنُوْحٍ وَاِبْرَاهِیْمَ وَاِسْمَاعِیْلَ وَاِسْحَاقَ وَیَعْقُوْبَ وَیُوْشَعَ وَیُوْسُفَ وَشُعَیْبَ
وَمُوْسٰی وَهَارُوْنَ وَخِضْرَ وَاِلْیَاسَ وَذُوالْقَرْنَیْنِ وَاَرْمِیَا وَذَکَرِیَّا وَیَحْیٰی وَدَانِیَالَ
وَعُزَیْرَ وَعِیْسٰی وَشَمْعُوْنَ وَجَرْجِیْسَ وَمُحَمَّدٍ عَلَیْهِ السَّلَامُ وَاٰلِهٖ اَجْمَعِیْنَ ؕ یا رب مہربان
گردان دل بحقِ این آیاتِ مکنونات از اول تا آخر یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ
اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ
رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ؕ وای فرشتگان بر یان بشنوید گفتار من و مطیع من باشید فرمان
مارا برید و بنشانید مہر و دوستی مرا در دل فلان بحرمت این آیہا کلام مجید تو شفیع
اوردم گرفتم دل و جان فلان را بمہر و دوستی وَاَصْلَحْنَا لَهٗ زَوْجَهٗ ؕ اِنَّهُمْ کَانُوْا یُسٰرِعُوْنَ
فِی الْخَیْرٰتِ وَیَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا ؕ وَکَانُوْا لَنَا خٰشِعِیْنَ ؕ وَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ ؕ لَوْ اَنْفَقْتَ
مَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰکِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَیْنَهُمْ ؕ اِنَّهٗ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ ؕ وَمِنَ النَّاسِ
مَنْ یَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا یُّحِبُّوْنَهُمْ کَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ هُوَ الَّذِیْٓ
اَیَّدَکَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِیْنَ وَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ ؕ قُلْ اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰهُ وَ
یَغْفِرْ لَکُمْ ذُنُوْبَکُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ؕ یُحِبُّوْنَ اَنْ یُّحْمَدُوْا بِمَا لَمْ یَفْعَلُوْا ؕ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ؕ اِنَّا لَنَرٰىهَا فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ؕ گرفتم
دل و جان فلان بن فلان را بمہر و دوستی و محبت فلان بحق ہمہ پیغمبران کہ اول ایشان
آدم صفی اللہ و آخر ایشان مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ یا رب ہر دو پاے فلان را بجانب من روان کن بمہر و
دوستی بحق فَاِذَا بَرِقَ الْبَصَرُ ۝ وَخَسَفَ الْقَمَرُ ۝ وَجُمِعَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ۝ وَاِنْ تَعْفُوْا
وَتَصْفَحُوْا وَتَغْفِرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝ زُیِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ
وَالْبَنِیْنَ وَالْقَنَاطِیْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَیْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْاَنْعَامِ
وَالْحَرْثِ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ ۝ فَلَا جُنَاحَ عَلَیْهِمَآ
اَنْ یُّصْلِحَا بَیْنَهُمَا صُلْحًا ۝ وَالصُّلْحُ خَیْرٌ وَاِنَّهٗ عَلٰی ذٰلِكَ لَشَهِیْدٌ وَاِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَیْرِ لَشَدِیْدٌ ۝
وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۝ اٰمِیْنَ بگرفتم دل و جان و ہفت اندام فلان بن فلان را
بمہر و دوستی خود بنام خداوند رب العالمین اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ ۝ لَقَدْ جَآءَكُمْ
رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْكُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ۝
فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ۝
فَقَالَ اِنِّیْٓ اَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَیْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّیْ حَتّٰی تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ ۝ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ ۝
یا رب بحرمت آن نام کہ بر ساق عرش نوشتہ اند یا رب چنانچہ سریر عرش را بزرگتر
برآفریدی مراد رچشم و در دل فلان عزیز و شیرین گردان یا رب بحرمت آن نام کہ بروجہ و
بر سینہ و بر دل محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم نوشتہ اندمرا و در دل فلان عزیز و مکرم گردانیدی
یَا اَللّٰهُ یَا هُوَ مرا در چشم و دل فلان عزیز گردان یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ بحرمت
آن نام کہ در چشمہ آفتاب و ماہتاب نوشتہ اند چنانکہ جہان را بنور ایشان روشن گردانیدی یا رب
مرا در دل فلان روشن گردان یَا اَللّٰهُ بحرمت آن نام بزرگ کہ در زبور داؤد علیہ السلام
نوشتہ اند یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ چنانکہ آہن را موم گردانیدی دل فلان را بر من نرم و مہربان
گردان یَا اَللّٰهُ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ بحق آن نام کہ بر انگشتری حضرت سلیمان علیہ السلام کہ
ملک باد شاہی باو میسر گشت یَا اَللّٰهُ یَا رَبُّ مرا در دل فلان بادشاہ گردان یَا اَللّٰهُ بحق آن نام
کہ در فرقان نوشتہ است یَا سَمِیْعُ یَا رَبُّ بحق آن نام کہ در توریت موسیٰ و انجیل عیسیٰ و زبور

داؤد علیہ السلام و فرقان محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نوشتہ است یا اللہ یا رب مرا بر دل و جان فلان دوست و عزیز و مہربان گردان یا اللہ یا رب بحق آن نام کہ بنام تو و میان دوستان تو نوشتہ است ہمچنانکہ دل مصطفیٰ را با امتان مشفق و مہربان گردانیدی یا رب بحق صد و بست و چہار ہزار پیغمبران و جملہ فرشتگان و بحق جملہ انبیا و جملہ اولیا و بحق جملہ خاصان و بحق نیک مردان و نیک زنان و بحق ہزار و یک نام و بحق نود و نہ نام و بحق ہفت آسمان و ہفت زمین و بحق ہر چہ در عالم عزیز و گرامی کردہ حاجت من بندہ مسکین برآور می امید وفاکنی یا ذی الجلال و الاکرام بستم بحق اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَ اِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ و بحق توریت موسیٰ و انجیل عیسیٰ و زبور داؤد و فرقان محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم دست و پای و چشم و دل و جان و ہفت اندام جملہ خصمان خصم دور و نزدیک خصم پنہان و آشکارا و خصم درویش و خصم توانگر و خصم سفید و خصم سیاہ و خصم سفید گونہ و خصم سیاہ گونہ و خصم سرخ گونہ و خصم حاضر و خصم غائب و خصم خویش و خصم بیگانہ و خصم ترسا و خصم ناجیاب و خصم بادشاہ و خصم رعیت و خصم شب و خصم روز و خصم بیرون و خصم اندرون و خصم آبی و خصم خاکی و خصم آتشی و خصم بادی و خصم پرندہ و خصم درندہ و خصم گزندہ و خصم دیو و خصم پریا و خصم مونس و خصم بیگانہ جملہ خصمان را بستم بحق بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْتَعِيْنُكَ وَ نَسْتَغْفِرُكَ وَ نُؤْمِنُ بِكَ وَ نَتَوَكَّلُ عَلَيْكَ وَ نُثْنِيْ عَلَيْكَ الْخَيْرَ وَ نَشْكُرُكَ وَ لَا نَكْفُرُكَ وَ نَخْلَعُ وَ نَتْرُكُ مَنْ يَّفْجُرُكَ اَللّٰهُمَّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ لَكَ نُصَلِّيْ وَ نَسْجُدُ وَ اِلَيْكَ نَسْعٰى وَ نَحْفِدُ وَ نَرْجُوْا رَحْمَتَكَ وَ نَخْشٰى عَذَابَكَ اِنَّ عَذَابَكَ بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ تمام شد اسما و عقد اللسان۔

باب چوتھا زکوٰۃ آیت قطب کے بیان میں

آیت قطب کی زکوٰۃ تین روز دینا چاہیے ہر روز ایک ہزار بار آیت مذکور پڑھے ترکیب یہ ہے ثابت مہینہ عروج ماہ بروز چہارشنبہ و پنجشنبہ و جمعہ روزہ رکھے اور ہر روز ایک ہزار بار پڑھے

خورش شیر برنج یا چاول ودودہ اول لڑکون یا محتاجون کو کھلاوے بعدہ آپ روزہ
انطار کرے پھر کھائے جسوقت وضوسے فارغ ہو درود شریف کا ورد رکھے ساتھ غمگان کے
زکوٰۃ دے اس زکات مین بڑے فائدے ہین لیکن مجکو چھبیس فائدے ملے ہین وہ درج
کرتا ہون اوّل ہر روز چالیس روز تک ورد کرے اللہ تعالیٰ مراد پوری
کرے دوم دوگانہ نماز پڑھے بعد سلام کے تین بار اس آیت کو پڑھکر اپنے اوپر دم کرے
اور آگے بادشاہ یا امرا کے جائے مقرب اور مقرر ہو دلی مراد حاصل ہو سوم آسیب زدہ کے
کان مین پڑھکر پھونکے آسیب دفع ہو چہارم سانپ اور بچھو کے کاٹے ہوئے کو پانی پر پڑھ کر
دم کرکے پلاوے یا کان مین پڑھکر دم کرے یا چینی کے پیالہ پر لکھکر اور پانی سے دھوکر پلاوے
صحت ہو پنجم اگر کام سخت پیش آوے تو اس آیت کو نَو بار پڑھکر جاوے فتح و نصرت حاصل ہو
ششم اگر اوپر سرسون کے اکیس بار اس آیت کو پڑھکر دشمن کے مکان مین ڈالے دشمن
پریشان ہو ہفتم اگر دشمن غالب آوے تو بارہ بار اس آیت کو پڑھکر دشمن کی طرف دم
کرے دشمن مقہور ہو ہشتم ہفت بار پڑھکر مجلس مین جاوے ہر شخص بکرم پیش آوے
نہم اگر کسی آدمی کو شہوت کم ہو لاوے ایکدرم مرچ سیاہ اُسپر گیارہ بار اس آیت کو
پڑھکر دم کرے اور اُسکو کھلاوے قوت باہ زیادہ ہو اور جس عورت کے ساتھ مجامعت
کرے خوشنود ہو دہم تین بار پڑھکر گھوڑے کے کان مین دم کرے گھوڑا سرکشی سے
باز آوے یازدہم اگر کم روزی ہووے گیارہ بار ہر روز مداومت کرے روزی کشادہ
ہو جاوے دوازدہم اگر کسی کو خلل دماغ ہو اس آیت کو گیارہ بار رشتہ پر دم کرکے سر مین
باندھے خلل دماغ دفع ہو سیزدہم اٹھارہ بار پڑھکر جنگ مین جاوے تیر وغیرہ کارگر نہووے
چہاردہم اگر چاہے عورت میرے اوپر عاشق ہو جاوے لاوے پھول خوشبودار اور
پڑھے اس آیت کو اکتالیس بار اور عورت کو دے تاکہ سونگھے پس سونگھتے ہی عاشق
ہو جاوے پانزدہم جس عورت کے لڑکا نہوتا ہو تو یہ ترکیب کرے کہ شب جمعہ کو اوپر شیرینی کے

نو بار پڑھکر عورت و مرد دونونکو کھلاوین اور تین روز بعد حیض کے عورت اپنے مرد سے ہم بستر ہو اللہ تعالی فرزند نرینہ عطا فرماوے **ششدہم** اگر کسی عورت کو بستہ کردیا ہو تو لاوے پیالہ چینی کا اور اُس پر اس آیت کو لکھکر پانی مین دھو کر پلاوے کشادہ ہووے **ہفتدہم** نمک پر دم کرکے کھلانے سے درد شکم دور ہوتا ہے **ہشتدہم** درد سر یا نیم درد سر کے واسطے پڑھکر دم کرنے سے درد سر اچھا ہوتا ہی **نوزدہم** واسطے درد کمر کے نمک پر پڑھکر دم کرے اور مریض کو کھلاوے درد کمر کے واسطے اکسیر ہے **بستم** تپ لرزہ کے واسطے پانی پر دم کرکے پلاوے تپ لرزہ دفع ہو **بست و یکم** درد چشم کے واسطے پڑھکر دم کرے درد چشم دفع ہو **بست و دوم** ہمیشہ ورد رکھنے سے فتوح غیب سے ملتا ہی اور روزی کشادہ ہوتی ہی **بست و سوم** ایک چلہ عوت کرے دیو و پری و جن حاضر ہووین اور جو کچھ تو کہے اُسے بجالاوین **بست و چہارم** سو مرتبہ پانی پر دم کرکے آسیب زدہ کے مُنھ مین مارے آسیب فوراً دفع ہو **بست و پنجم** مدام ورد رکھے رزق حسنہ الٰہی دیوے اور ہر جگہ عزت ہو **بست و ششم** اگر کوئی آیت قطب کو ہر روز بنام دشمن پڑھے دشمن ہلاک ہو اور اگر ہر روز گیارہ بار بیس یوم تک پڑھے دشمن ہلاک ہو ہر دشمن سے پناہ مین رہے وہ یہ ہے ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْکُمْ مِنْ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَۃً نُعَاسًا یَّغْشٰی طَآئِفَۃً مِّنْکُمْ وَطَآئِفَۃٌ قَدْ اَھَمَّتْھُمْ اَنْفُسُھُمْ یَظُنُّوْنَ بِاللّٰہِ غَیْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاھِلِیَّۃِ یَقُوْلُوْنَ ھَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَیْءٍ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ کُلَّہٗ لِلّٰہِ یُخْفُوْنَ فِیْ اَنْفُسِھِمْ مَّا لَا یُبْدُوْنَ لَکَ یَقُوْلُوْنَ لَوْ کَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ مَّا قُتِلْنَا ھٰھُنَا قُلْ لَّوْ کُنْتُمْ فِیْ بُیُوْتِکُمْ لَبَرَزَ الَّذِیْنَ کُتِبَ عَلَیْھِمُ الْقَتْلُ اِلٰی مَضَاجِعِھِمْ وَلِیَبْتَلِیَ اللّٰہُ مَا فِیْ صُدُوْرِکُمْ وَلِیُمَحِّصَ مَا فِیْ قُلُوْبِکُمْ وَاللّٰہُ عَلِیْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ

محل پانچوان باب چار باب اول نقش مثلث و مربع کے بیان مین

جاننا چاہیے کہ نقش مثلث ایک راز ہی از راز ہای اللہ ہے مجمل بیان کیا جاتا ہے دوسری جلد مین حروف تہجی اور نقش مثلث کو خوبی کے ساتھ تحریر کرونگا اگر نقش مثلث صغیر کا عامل بننا

